# 19-02-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ مرکز نے تلنگانہ حکومت کو یقین دلایا ہے کہ وہ پانی سے متعلق اس کی تشویش کو دور کرنے کی کوشش کرے گی اور آندھراپردیش کے ساتھ دریا کے پانی کی تقسیم کے معاملہ پر مداخلت کرے گی۔

۳۔مرکزی حکومت نے تلنگانہ کے لئے این ڈی آر ایف کے تحت ایک ہزار 554 کروڑ روپے کی زائد امدادی رقم جاری کی ہے۔

۴۔تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے آج اصل اپوزیشن پارٹیوں بی آر ایس اور بی جے پی پر الزام عائد کیا ہے کہ انہوں نے کانگریس کے امیدواروں کو شکست دینے کے لئے ایم ایل سی انتخابات کے پیش نظر خفیہ معاہدہ کرلیا ہے۔

TRIBUTES:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی، بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا اور دیگر لیڈرس نے چھترپتی شیواجی مہاراج کے یوم پیدائش پر آج انہیں خراج پیش کیا۔ ریونت ریڈی نے اپنے ساتھی ارکانِ اسمبلی کے ساتھ شیواجی کے پوٹریٹ کو خراج پیش کیا۔ بی جے پی نے اپنے ریاستی ہیڈکوارٹر پر بڑے پیمانے پر تقریب کا اہتمام کیا۔ بی جے پی لیڈرس اور دیگر بشمول ایم ایل اے پائیلا شنکر، سابق ایم ایل سی رام چندر راؤ، سابق ایم ایل اے رام چندرا ریڈی اور دیگر لیڈرس نے بھی مراٹھا کنگ کو خراج پیش کیا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے بھی شیواجی کو خراج پیش کیا ہے۔

UTTAM:

مرکز نے تلنگانہ حکومت کو یقین دلایا ہے کہ دریاؤں کے پانی کی تقسیم اور مختص کئے جانے سے متعلق اس کی تشویش کو دور کرنے کے لئے مداخلت کی جائے گی۔ مرکزی حکومت نے اس بات پر بھی اتفاق کیا ہے کہ ریاست کے اہم آبپاشی پراجکٹس کو منظوری دینے کے علاوہ درکاری اجازت بھی دی جائے گی۔ یہ تیقن اس وقت دیا گیا جب ریاست کے آبپاشی وزیر اتم کمار ریڈی نے جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل سے ملاقات کی۔ اتم کمار نے آج راجستھان کے شہر اودے پور میں دوسری آل انڈیا آبی وزراء کی کانفرنس کے موقع پر پاٹل سے ملاقات کی۔ انہوں نے مرکزی وزیر کو پراجکٹس کے موقف کے علاوہ ریاست کی تشویشات سے واقف کروایا۔ اتم کمار نے جل شکتی وزارت کے سکریٹری دیباشیش مکھرجی سے بھی اس سلسلہ میں بات چیت کی اور ان پر زور دیا کہ پانی کے جھگڑوں کے تعلق سے فوری اقدامات کئے جائیں اور اہم پراجکٹس کے لئے فنڈس جاری کئے جائیں۔ اتم کمار نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ پڑوسی ریاست آندھراپردیش مبینہ طور پر سری سیلم پراجکٹ اور ناگر جنا ساگر رائٹ کنال سے رواں ربیع سیزن کے دوران غیر قانونی طور پر زائد پانی حاصل کر رہی ہے۔

NCST DAY:

درجہ فہرست قبائیلیوں کے نیشنل کمیشن کی صدر نشین انتر سنگھ آریا نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ قبائلی طبقہ کی روایات، ثقافت اور زبان کے تحفظ کے لئے آگے آئیں۔ درجہ فہرست طبقات کے نیشنل کمیشن کے 22 ویں یوم تاسیس پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انتر سنگھ نے کہا کہ کمیشن کی جانب سے جَن جاگرن بیداری پروگرام کے ذریعہ نوجوانوں کی سرگرمی سے رہنمائی کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمیشن، وزیر اعظم نریندر مودی کے پروگرام ''ایک پیڑ ماں کے نام'' کے تحت عمدگی سے اقدامات کررہا ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ کمیشن کی جانب سے جن اضلاع کا بھی دورہ کیا جاتا ہے وہاں ایک پودا لگایا جاتا ہے۔

FLOOD ASSISTANCE:

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کی زیرِ صدارت ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی نے پانچ ریاستوں بشمول تلنگانہ کے لئے ایک ہزار 554 کروڑ روپے پر مشتمل زائد مرکزی امداد کو منظوری دی ہے۔ یہ امداد نیشنل ڈیزاسسٹر ریسپانس فنڈ (این ڈی آر ایف) کی جانب سے ان ریاستوں کو دی گئی ہے جو گزشتہ ایک سال کے دوران سیلاب، زمین کھسکنے کے واقعات اور قدرتی آفات جیسے مسائل کا سامنا کرچکے ہیں۔ وزارتِ داخلہ کے مطابق آندھرا پردیش کے لئے 608 کروڑ روپے جبکہ تلنگانہ کے لئے 231 کروڑ سے زائد رقم منظور کی گئیء۔ وزارتِ داخلہ نے کہا کہ یہ زائد امداد، این ڈی آر ایف کے ذریعہ مرکز کی جانب سے ریاستوں کو دی جانے والی امداد کے علاوہ ہے۔

CEC:

گیانیش کمار نے آج نئے چیف الیکشن کمشنر کی حیثیت سے نئی دہلی میں واقعہ نرواچن سدن میں اپنے عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیا۔ کمار نے راجیو کمار کی جگہ لی ہے، جو کل اپنی میعاد کی تکمیل کرچکے ہیں۔ گیانیش کمار نے جائزہ لینے کے بعد عوام کے نام اپنے پیام میں کہا کہ قوم کی تعمیر کے لئے پہلا قدم ہر اس ہندوستانی شہری کے لئے رائے دہی ہے جو اپنی عمر کے 18 برس مکمل کرچکا ہو۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن ہمیشہ کی طرح ووٹرس کے ساتھ رہے گا۔ 1988ء کے کیرالا کیڈر کے انڈین اڈمنسٹریٹیو سرویس آفیسر کے بیچ سے تعلق رکھنے والے کمار مرکز اور ریاستی حکومتوں کے ساتھ کام کرنے کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

TGDPS:

تلنگانہ حکومت نے تلنگانہ ڈیولپمنٹ پلاننگ سوسائٹی (ٹی جی ڈی پی ایس) کی ایک مشاورتی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ جس کا صدرنشین نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ کو بنایا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں جاری کردہ احکام کے مطابق یہ کمیٹی 9 رکنی پینل پر مشتمل ہے، جس میں پروفیسر کانچا ایلیا، پروفیسر شانتا سنہا، پروفیسر ہمانشو، ڈاکٹر سکا دیوتھورٹ، پروفیسر بھوکایا، پروفیسر پرشوتم

ریڈی، نکھل دیواور پروین چکرورتی شامل ہیں۔اس پینل کا مقصد ریاست کی معیشت اور سماجی شعبوں پر نظر رکھنا اور طویل مدت کی اساس پر منصوبہ بندی کرنا ہے۔نو تشکیل شدہ اس پینل کی پہلی میٹنگ کل منعقد ہوئی۔جس میں ارکان نے روڈ میاپ پر بات چیت کی۔

BRS:

بی آر ایس نے آج اپنی اہم عاملہ اجلاس کا انعقاد کیا۔پارٹی صدر و سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ نے اس میٹنگ کی صدارت کی۔تلنگانہ بھون میں منعقدہ اس اعلیٰ سطحی اجلاس میں پارٹی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ، ریاستی عاملہ کے ارکان، ضلع کے پارٹی صدور، موجودہ و سابق ایم پیز، ایم ایل سیز اور ایم ایل ایز نے بھی شرکت کی۔کے سی آر نے پارٹی کی رکنیت سازی کے لئے حکمت عملی بیان کی اور بتایا کہ آئندہ ماہ سے رکنیت سازی مہم شروع کی جائے گی۔اس سے پہلے کے سی آر سکندر آباد میں واقع ریجنل پاسپورٹ آفس گئے اپنے پاسپورٹ کی تجدید کروائی۔ان کے ہمراہ ان کی اہلیہ شوبھا میں موجود تھیں۔کے سی آر نے مبینہ طور پر اپنا ڈپلومیٹک پاسپورٹ داخل کروایا اور اپنے شخصی پاسپورٹ کی تجدید کروائی۔

HEAT:

تلنگانہ میں اضلاع اور حیدرآباد میں سال کے اِس حصہ میں تیز گرمی محسوس کی جارہی ہے، جو عام طور پر اپریل اور مئی میں ہوتی ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران دن کے درجہ حرارت میں حیدرآباد میں 36، 37 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا جارہا ہے جبکہ بعض اضلاع میں چند ایک مقامات پر درجہ حرارت پہلے ہی 39 ڈگری ریکارڈ ہونا شروع ہوگیا ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق یہ غیر متوقع گرمی توقع ہے کہ جزوقتی ہوگی اور توقع ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران درجہ حرارت میں ایک یا دو ڈگری کی واقع ہوسکتی ہے۔

MAHESH GOUD:

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے آج اصل اپوزیشن پارٹیوں بی آر ایس اور بی جے پی پر الزام عائد کیا ہے کہ انہوں نے کانگریس کے امیدواروں کو شکست دینے کے لئے ایم ایل سی انتخابات کے پیش نظر خفیہ معاہدہ کرلیا ہے۔کاماریڈی میں کریم نگر۔نظام آباد۔میدک۔عادل آباد گریجویٹ حلقے ایم ایل سی نشست کے لئے پارٹی کی انتخابی مہم میں حصہ لینے کے دوران انہوں نے کہا کہ 2024ء میں منعقدہ عام انتخابات کی طرح بی آر ایس دوبارہ بی جے پی امیدواروں کی حمایت کررہی ہے۔انہوں نے بی جے پی پر الزام عائد کیا کہ وہ مذہب کے نام پر ووٹ حاصل کرنے کی کوشش کررہی ہے۔